3223 ـ كم ريٹ پر پٹرول حاصل كرنےكےليے پيشگي رسيديں فروخت كرنا

سوال

ہم نے عام لوگوں كےليے ايك پروگرام پيش كيا ہےاس كي تفصيل مندرجہ ذيل ہے:
دو سوريال ديں اور دوسودس قيمت كےپٹرول اور اپني گاڑي مفت سروس كرانے كي رسيد حاصل كريں، يہ علم ميں ركھيں كہ پٹرول كي رسيديں حاصل كرنےكےليے پيشگي دوسوريال دينا ہونگے، كيا يہ پيشكش حلال ہے ياحرام ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تومعاملہ ايسےہي ہے جيسا بيان كيا گيا ہے توگاڑي سروس كےساتھ پٹرول كي رسيديں مذكورہ قيمت ميں فروخت كرني جائز ہيں، اس ليے كہ حقيقت ميں بيع تواتنےپٹرول كي ہے جورسيدوں ميں گاڑي سروس كرنے كےساتھ بيان كي گئي ہے، اوراس ميں كوئي دھوكہ اور نہ ہي سود اور جہالت پائي جاتي ہے .